# قمیص کی آستین میں سوراخ والی لیس لگی ہو تو، نماز کا حکم

**مجیب:** مولانا جمیل احمد غوری عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-1796

**تاریخ اجراء:** 11 محرم الحرام 1446ھ/18 جولائی 2024ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

ایک اسلامی بہن نے پوری نماز پڑھ لی اور بعد میں دیکھا کہ جو قمیص پہن کر اس نے نماز ادا کی، اس کے بازو پر لیس لگی ہوئی ہے، جس میں چھوٹے چھوٹے سوراخ ہیں اور کافی سارے ہیں اگر ان کو ملا کر حساب لگایا جائے، تو چوتھائی کان سے زیادہ بنتے ہیں۔ اس صورت میں پڑھی گئی نماز کا کیا حکم ہو گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

اگر صرف ایک ہی عضو مثلاً بازو والے حصے میں کپڑے میں سوراخ اور پھٹن ہے، باقی اعضاء کا ستر اور پردہ مکمل ہے، تو اس صورت میں وہ چھوٹے چھوٹے سوراخ جمع کئے جائیں تو وہ اسی عضو (یعنی بازو) کے چوتھائی تک پہنچتے ہوں اور اسی حالت میں نماز پڑھ لی، تو اس صورت میں نماز نہیں ہو گی، اس نماز کو دوبارہ پڑھنا لازم ہو گا، اور اگر وہ سوراخ جمع کئے جانے کے بعد اسی عضو کی چوتھائی تک نہ پہنچتے ہوں تو نماز ہو جائے گی۔ **البتہ قصداً ایسے لباس میں نماز جائز نہیں۔**

آپ نے سوال میں کان کی چوتھائی کا ذکر کیا، تو اس حوالے سے یہ واضح رہے کہ ہر صورت میں کان کی چوتھائی کی مقدار کا حساب نہیں ہوتا، بلکہ اگر ایک عضو کھلا ہوا ہے، تو اسی عضو کی چوتھائی کا حساب ہو گا اور اگر ایک سے زائد اعضا کا کچھ کچھ حصہ کھلا ہے، تو اب کھلے ہوئے اعضا میں سے جو سب سے چھوٹا عضو ہے، اس کی چوتھائی کا اعتبار ہو گا۔

امامِ اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”اگر ایک عضو کی چہارم سے کم ظاہر ہے، تو نماز صحیح ہو جائے گی، اگرچہ نیت سے سلام تک انکشاف رہے، اگرچہ بعض صورتوں میں گناہ و سوئے ادب بیشک ہے۔ اگر ایک عضو دو جگہ سے کھلا ہو، مگر جمع کرنے سے اس عضو کی چوتھائی نہیں ہوتی، تو نماز ہو جائے گی اور چوتھائی ہو جائے، تو بتفاصیلِ مذکورہ نہ ہو گی۔ متعدد عضووں مثلاً دو میں سے اگر کچھ کچھ حصہ کھلا ہے، تو سب جسمِ مکشوف ملانے سے ان

دونوں میں جو چھوٹا عضو ہے اگر اس کی چوتھائی تک نہ پہنچے، تو نماز صحیح ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد6، صفحہ30، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net